نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

<u>وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت کمشنر آفس گوجرانوالہ میں گندم کی کاشت بارے جائزہ اجلاس کا انعقاد</u>

<u>اجلاس میں گوجرانوالہ اور گجرات ڈویژن میں گندم کی کاشت کا جائزہ لیا گیا</u>

<u>گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی</u>

لاہور27نومبر2025 ( ) وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت گندم کی کاشت کے جائزہ کے لیے گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر صوبائی اسمبلی محمد نواز چوہان اور عمر فاروق ڈار نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، کمشنر گجرانوالہ نوید حیدر شیرازی، ڈائریکٹر جنرلز زراعت نوید عصمت کاہلوں، چوہدری عبدالحمید سمیت دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے آن لائن شرکت کی۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب میں رواں سیزن گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ گندم ملکی فوڈ سکیورٹی کے لیے ناگزیر ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لیے تمام ممکنہ وسائل وذرائع بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق صوبہ میں گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز عملی کردار ادا کر رہے ہیں۔گندم کی بوائی کے نتائج بڑے حوصلہ افزا ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ سپر سیڈرز کے استعمال سے گوجرانوالہ ڈویژن میں 1 لاکھ 25 ہزار ایکڑ سے زائد رقبہ پر گندم کاشت کی گئی ہے۔صوبہ میں 5 ہزار سپر سیڈرز کاشتکاروں کو سبسڈی پر فراہم کیے جا چکے ہیں اور محکمہ زراعت کی جانب سے سپر سیڈرز 60 فیصد سبسڈی پر فراہم کیے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ربیع سیزن میں پہلی دفعہ کھادیں مقرر کردہ نرخوں سے کم قیمت پر وافر مقدار میں دستیاب ہیں اور جعلی زرعی ادویات و کھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر سرکاری رقبوں پر 100 فیصد گندم کاشت کرائی جائے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر گندم کے پیداواری مقابلہ جات کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ پیداواری مقابلوں میں جیتنے والے کاشتکاروں کو ٹریکٹرز سمیت کروڑوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی سطح پر اول انعام 85 ہارس پاور، دوم 75 ہارس پاور اور سوئم 60 ہارس پاور ٹریکٹرز ہیں جبکہ ضلعی سطح پر پہلا انعام 10 لاکھ روپے، دوسرا 8 لاکھ روپے اور تیسرا انعام 5 لاکھ روپے نقد مقرر کیا گیا ہے۔افتخار علی سہو نے بتایا کہ کسان کارڈ کے تحت اب تک تقریباً 7 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کو 90 ارب روپے سے زائد بلاسود قرض جاری کیا جا چکا ہے جبکہ کسان کارڈ کے تحت اپنے ذمے واجب الادا رقم جمع کروانے پر اگلے 24 گھنٹوں میں دوبارہ قرض کی فراہمی یقینی ہے۔

اجلاس کے دوران کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں 11 لاکھ 85 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جبکہ گجرات ڈویژن میں 12 لاکھ 99 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆